4.2۔ قدرتی وسائل

کوئی شئے یا ذریعہ جو ضرورت کی تشفی کے لیے درکار ہوتا ہے، وسیلہ کہلاتا ہے۔ وسائل جو انسانی دخل اندازی کے بغیر قدرتی طور پر تشکیل پاتے ہیں، قدرتی وسائل کہلاتے ہیں۔ یہ وسائل ہمارے سیارے کا ایک حصہ ہیں۔ یہ ہمارے اطراف تشکیل پاتے ہیں۔ یہ وسائل دیگر اشیاء کی پیداوار کے لیے بطور خام مال استعمال ہوتے ہیں۔ ہمارے اطراف کئی وسائل پائے جاتے ہیں لیکن ان میں سے چند ہی مفید مانے جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ یہ اس لیے کہ انسان ان وسائل کو دیگر کے مقابلے اہمیت دیتے ہیں۔ یہ تمام وسائل بنی نوع انسانی کے لیے صحت، دولت اور خوشحالی کا ذریعہ ہیں۔

مشغلہ

قدرتی وسائل کی فہرست ترتیب دیجیے جنھیں آپ روزانہ، اکثر استعمال کرتے ہیں اور کبھی استعمال نہیں کیا۔ اور درج ذیل جدول کو مکمل کریں۔

جدول۔1: قدرتی وسائل کا استعمال

قدرتی وسائل	روزانہ	اکثر	کبھی استعمال

4.3۔ قدرتی وسائل کی درجہ بندی

کیا تمام قدرتی وسائل ایک جیسے ہوتے ہیں؟ کیا ان کے مابین کوئی اختلافات پائے جاتے ہیں؟ قدرتی وسائل کی درج ذیل طریقہ سے درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

قدرتی وسائل

قابل تجدید وسائل — نا قابل تجدید وسائل

قابل تجدید وسائل: ایسے وسائل جنھیں دوبارہ قابل استعمال بنایا جاسکتا ہے، جن کے استعمال سے ان میں کمی واقع نہیں ہوتی

ہے، قابل تجدید وسائل مانے جاتے ہیں۔

مثلاً: شمسی توانائی، ہوا

ناقابل تجدید وسائل: ایسے وسائل جن کے استعمال سے کمی واقع ہوتی ہے اور جنھیں دوبارہ قابل استعمال بنانا مشکل ہے، ناقابل تجدید وسائل کہلاتے ہیں۔

مثلاً: رکازی ایندھن، معدنایات (کوئلہ، لوہا، ابرک وغیرہ۔)

اپنی ترقی کی جانچ کیجیے۔

1۔ درج ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

قدرتی وسائل	وسائل کی قسم	وسائل کا استعمال

2۔ آپ اپنے اطراف کس قسم کے قدرتی وسائل کا مشاہدہ کرتے ہیں؟ مثالیں دیجیے۔